روزنامہ
# پرواز
لاہور
فیصل آباد
پیر 13 مارچ 2023ء 20 شعبان المعظم 1444ھ

## وفاقی محتسب کا کردار عام آدمی کو سرکاری اداروں کیخلاف شکایات پر ریلیف فراہم کرنا ہے: سید غضنفر مہدی

### گزشتہ سال میں ہمارے پاس 568 کیسز رجسٹرڈ ہوئے تھے جن پر سائلین کو ریلیف فراہم کر دیا گیا

### اس سال اب تک 2023 میں 1246 کیسز رجسٹرڈ ہوئے جو کہ تقریباً گزشتہ سال کی نسبت 119 فیصد زیادہ ہیں

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب کا کردار عام آدمی کو وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات کا ازالہ کرنا ہے۔ عوام میں آگاہی پیدا کرنے کیلئے میڈیا کے شکر گزار ہیں۔ یہ بات سید غضنفر مہدی ایسوسی ایٹ ایڈوائزر انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس فیصل آباد نے اے پی پی سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال جنوری فروری 2022 میں ہمارے پاس 568 کیسز رجسٹرڈ ہوئے تھے جن پر سائلین کو ریلیف فراہم کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اس سال اب تک 2023 میں 1246 کیسز رجسٹرڈ ہوئے ہیں جو کہ تقریباً گزشتہ سال کی نسبت 119 فیصد زیادہ ہیں جو کہ عوام کے وفاقی محتسب کے ادارے پر اعتماد کا مظہر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم میڈیا خصوصاً اے پی پی کے شکر گزار ہیں کہ جن کی بدولت عوام میں سرکاری اداروں کے خلاف مسائل پیدا ہونے پر شکایات رجسٹرڈ کروانے کا رجحان اور عوام میں آگاہی پیدا ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے گزشتہ دن جائزہ اجلاس جو کہ ہر 2 ماہ بعد منعقد کیا جاتا ہے، میں ہدایات جاری کیں کہ تمام فیصلوں پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور انہوں نے عوامی شکایات پر پاسپورٹ آفس فیصل آباد اور ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس فیصل آباد کے بارے میں دورہ کرنے کا حکم دیا جس پر ریجنل آفس وفاقی محتسب فیصل آباد 15 مارچ کو پاسپورٹ آفس فیصل آباد اور 21، مارچ کو ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس فیصل آباد کا دورہ کرے گا اور رپورٹ وفاقی محتسب کو بھیج دے گا۔ سید غضنفر مہدی نے کہا کہ وفاقی محتسب کی ہدایات کے مطابق مذکورہ بالا دونوں اداروں میں کھلی کچہری بھی لگائی جائے گی تا کہ موقع پر موجود سائلین اور شکائت کنندگان کے مسائل کو حل کیا جائے۔ انہوں نے عوام الناس سے اپیل کی کہ کسی بھی وفاقی سرکاری ادارے کے بارے میں اگر کوئی شکائت ہو تو ریجنل آفس وفاقی محتسب فیصل آباد رابطہ کریں اور درخواست دیں جس پر ہم 60 دن میں فیصلہ کر دیں گے نہ وکیل کی ضرورت ہوتی ہے اور نہ ہی کوئی فیس ادا کرنی پڑتی ہے۔

R.O. Swat 13/3/23.

THE DAILY SHAMAL SWAT KPK PAKISTAN (مسلسل اشاعت کے 31 سال)
چیف ایڈیٹر و پبلشر
غلام فاروق
روزنامہ
شمال
سوات
ایڈیٹر
جمعہ رحمان افگار
Www.dailyshamalswat.com
Email: thedailyshamalswat@gmail.com

# کم آمدنی والے طبقے کی شکایات ترجیحی بنیادوں پر حل کی جائیں، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی

## وفاقی محتسب نے رواں سال کے دو ماہ میں 30,132 شکایات کے فیصلے کئے، وفاقی محتسب میں جائزہ اجلاس کے دوران افسران کو ہدایات

Www.dailyshamalswat.com

اسلام آباد (بیورو نیوز) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے انوسٹی گیشن افسران کو ہدایت کی ہے کہ وہ کم آمدن والے ایسے شکایت کنندگان جو وکلاء کے ذریعے عدالتوں میں جانے کی سکت نہیں رکھتے، ان کی شکایات کو غیر رسمی تنازعات نمٹانے کے نظام (IRD) کے ذریعے ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی کوشش کریں۔ انہوں نے افسران سے کہا کہ وہ ملک کے دور دراز اور پسماندہ علاقوں میں خود جا کر عوامی شکایات کو مختصر ترین وقت میں نمٹائیں۔ وفاقی محتسب نے اپنے ایڈوائزروں سے کہا کہ غریب شہریوں کی پنشن، گریجوٹی اور انشورنس کلیم کے سلسلے میں جو ادارے فنڈز کی عدم دستیابی کا بہانہ کر کے تاخیر کر رہے ہیں ان کے بارے میں مفصل رپورٹ فراہم کی جائے تا کہ یہ معاملہ حکومت کے نوٹس میں لایا جا سکے۔ انہوں نے افسران سے کہا کہ وہ فیصلوں پر عملدرآمد پر خصوصی توجہ دیں تا کہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام الناس کا اعتماد بحال رہے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی گزشتہ روز اپنے افسران کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لئے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اجلاس میں ہیڈ آفس کے علاوہ وفاقی محتسب کے 17 علاقائی دفاتر کے افسران نے بھی وڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ وفاقی محتسب کے ایسوسی ایٹ ایڈوائزر سید قمر مصطفیٰ نے بریفنگ کے دوران بتایا کہ رواں سال کے پہلے دو ماہ کے دوران 32,006 شکایات موصول ہوئیں جب کہ 30,132 شکایات کے فیصلے کئے گئے جو پچھلے سال کے ان مہینوں کے مقابلے میں بالترتیب 56 فیصد اور 53 فیصد زیادہ ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ آن لائن شکایات میں 66 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ سب سے زیادہ شکایات بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام، لیسکو، پیسکو، کے الیکٹرک، سوئی گیس، میپکو اور علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے خلاف موصول ہوئیں۔ بیرون ملک پاکستانیوں کی شکایات 93.6 فیصد اضافہ کے ساتھ 13,019 سے بڑھ کر 25,125 ہو گئیں جب کہ بیرون ملک پاکستانیوں کے لئے ہوائی اڈوں پر بنائے گئے یکجا سہولتی ڈیسکوں کے ذریعے 24,227 شکایات اور پاکستانی مشنز کے ذریعے 854 شکایات نمٹائی گئیں۔ وفاقی محتسب نے انوسٹی گیشن افسران کی تحسین کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی انتھک محنت اور لگن سے ہم کسی اضافی بجٹ اور اسٹاف کے بغیر اس قابل ہوئے کہ وفاقی محتسب کو ملنے والی شکایات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے جو اس بات کی علامت ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام الناس کے اعتماد میں اضافہ ہوا ہے۔

روزنامہ
DAILY
TIJARTI RAHBAR
FAISALABAD
تجارتی رہبر فیصل آباد
بروز سوموار 20 شعبان 1444ھ 13 مارچ 2023ء

# عوام میں آگاہی پیدا کرنے کیلئے میڈیا کے شکرگزار ہیں: سید غضنفر مہدی

## وفاقی محتسب کا کردار عام آدمی کو وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات پر ریلیف فراہم کرنا ہے

## اس سال اب تک 2023 میں 1246 کیسز رجسٹرڈ ہوئے ہیں جو کہ تقریباً گزشتہ سال کی نسبت 119 فیصد زیادہ ہیں

فیصل آباد (پ ر) وفاقی محتسب کا کردار عام آدمی کو وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات کا ازالہ کرنا ہے۔ عوام میں آگاہی پیدا کرنے کیلئے میڈیا کے شکر گزار ہیں۔ یہ بات سید غضنفر مہدی ایسوسی ایٹ ایڈوائزر انچارج وفاقی محتسب ریجنل آفس فیصل آباد نے اے پی پی سے (بقیہ صفحہ اندرونی نمبر 6)

بقیہ 6

خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال جنوری فروری 2022 میں ہمارے پاس 568 کیسز رجسٹرڈ ہوئے تھے جن پر سائلین کو ریلیف فراہم کر دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اس سال اب تک 2023 میں 1246 کیسز رجسٹرڈ ہوئے ہیں جو کہ تقریباً گزشتہ سال کی نسبت 119 فیصد زیادہ ہیں جو کہ عوام کے وفاقی محتسب کے ادارے پر اعتماد کا مظہر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم میڈیا خصوصاً اے پی پی کے شکرگزار ہیں کہ جن کی بدولت عوام میں سرکاری اداروں کے خلاف مسائل پیدا ہونے پر شکایات رجسٹرڈ کروانے کا رجحان اور عوام میں آگاہی پیدا ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے گزشتہ دن جائزہ اجلاس جو کہ ہر 2 ماہ بعد منعقد کیا جاتا ہے، میں ہدایات جاری کیں کہ تمام فیصلوں پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور انہوں نے عوامی شکایات پر پاسپورٹ آفس فیصل آباد اور ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس فیصل آباد کے بارے میں دورہ کرنے کا حکم دیا جس پر ریجنل آفس وفاقی محتسب فیصل آباد 15 مارچ کو پاسپورٹ آفس فیصل آباد اور 21 مارچ کو ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس فیصل آباد کا دورہ کرے گا اور رپورٹ وفاقی محتسب کو بھیج دے گا۔ سید غضنفر مہدی نے کہا کہ وفاقی محتسب کی ہدایات کے مطابق مذکورہ بالا دونوں اداروں میں کھلی کچہری بھی لگائی جائے گی تاکہ موقع پر موجود سائلین اور شکایت کنندگان کے مسائل کو حل کیا جائے۔ انہوں نے عوام الناس سے اپیل کی کہ کسی بھی وفاقی سرکاری ادارے کے بارے میں اگر کوئی شکایت ہو تو ریجنل آفس وفاقی محتسب فیصل آباد رابطہ کریں اور درخواست دیں جس پر ہم 60 دن میں فیصلہ کر دیں گے نہ وکیل کی ضرورت ہوتی ہے اور نہ ہی کوئی فیس ادا کرنی پڑتی ہے۔

# Federal be ombudsman presents annual report, 2022 to the president

**DST Correspondent:**

Islamabad: President Dr. Arif Alvi has asked the Wafaqi Mohtasib to intensify its awareness campaign to inform the people about its role in the provision of speedy and cost-effective justice against the maladministration of federal government organizations. He emphasized the need for strengthening the capacity of the Federal Ombudsman and enhancing its reach to the far-flung areas of the country to address the grievances of the people at their doorsteps. The President made these remarks while talking to the Wafaqi Mohtasib (WM) of Pakistan, Mr. Ejaz Ahmed Qureshi, who called on him and presented the Annual Report-2022 of the institution, at Aiwan-e-Sadr, today. Mr. Ejaz Ahmad Qureshi apprised the President about the role and achievements of the Federal Ombudsman in providing justice to the people against the maladministration of government organizations during the year 2022. He informed the President that his institution received an unprecedented 164,174 complaints in 2022 as compared to 110,398 in 2021. He added that Wafaqi Mohtasib disposed of 157,770 complaints in 2022 as compared to 106,732 complaints in 2021 which was an increase of 50%. The Mohtasib highlighted that one-window facilitation desks had been established at all international airports in Pakistan to address the grievances of Overseas Pakistanis. He said that 137,647 overseas Pakistanis had been facilitated by the concerned agencies of the government, including NADRA, Passport Office, OPF etc. during 2022. He further apprised that the Mohtasib had extended its outreach to the far-flung districts by establishing its offices in Mirpur Khas, Khuzdar and Swat as well as the former tribal areas of Kurram and South Waziristan to provide speedy relief to the complainants of those areas. The Federal Ombudsman updated the President on his special initiatives regarding Informal Resolution of Disputes (IRD) and Khuli Kachehries for ensuring better service delivery to the general public. He stated that a 97% increase was recorded in receipt of online complaints. The Wafaqi Mohtasib also apprised the President that under the Integrated Complaint Resolution (ICR) System, the Mohtasib had integrated 183 different agencies of the Federal Government for facilitating the quick disposal of complaints. The President appreciated the Mohtasib for its excellent performance.

